28مارچ،2010ء

# شریعہ آڈٹ رپورٹ برائے بورڈ آف ڈائریکٹرز

**الحمدللہ ربّ العٰلمین والصلاۃ والسلام علی سید الأنبیاء والمرسلین**

**محمد النبی الأمی وعلی آلہٖ وصحبہٖ أجمعین، وبعد،**

الحمدللہ، ہم نے پاک قطر جنرل تکافل لمیٹڈ کے مالیاتی اسٹیٹمنٹس برائے سال 2009ء کا جائزہ لیا۔

ہم کمپنی کے شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی حیثیت سے اس بات سے بخوبی باخبر ہیں کہ کمپنی سے متعلق تمام مالی معاملات اور مختلف عقود و معاہدات کو شرعی قواعد وضوابط کے مطابق یقینی بنانا ہماری ذمہ داری ہے۔ اسی طرح کمپنی منیجمنٹ کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام تکافل پراڈکٹس اور تکافل خدمات شرعی قواعد وضوابط کے مطابق اور باقاعدہ شریعہ بورڈ سے منظور شدہ ہوں۔ شرعی قواعد وضوابط کے مطابق کمپنی کے شریعہ کمپلائنس ہونے کا جائزہ لینا ہمارے آڈٹ کے دائرہ میں آتا ہے۔

شریعہ ایڈوائزری بورڈ ممبرز کمپنی کی برانچز کا گاہے بگاہے دورہ کرتے ہیں اور مختلف معاملات کا جائزہ لیتے رہتے ہیں۔ کمپنی کے شریعہ کمپلائنس ڈپارٹمنٹ نے ماشاءاللہ پورے سال بہت اہتمام سے شریعہ ایڈوائزری بورڈ کے ساتھ عملاً تعاون کیا۔ دورانِ سال جب بھی کوئی مسئلہ درپیش ہوا تو فوری طور پر انتظامیہ کیساتھ میٹنگ کر کے حل کرلیا گیا اور انتظامیہ کو شرعی قواعد وضوابط کے مطابق اس کی تنفیذ کے سلسلے میں ہدایات جاری کردی گئیں۔

دوران سال شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی طرف سے مندرجہ ذیل منظوریاں/رہنما اصول جاری کیے گئے:

☆ رہنما اصول برائے حلال اور حرام کاروبار متعلقہ تکافل رکنیت

☆ رہنما اصول برائے سرمایہ کاری

☆ رہنما اصول برائے ری تکافل

☆ نئی تکافل پراڈکٹس مثلاً: ای ٹریول اور سیف لاکر تکافل وغیرہ

ہمیں یہ جان کر خوشی ہے کہ انتظامیہ اپنی تمام برانچز میں شریعہ کمپلائنس سیٹ اپ کیلئے کام کر رہی ہے، اور کمپلائنس کو یقینی بنانے کے کیلئے مستند حضرات کو رکھا جارہا ہے۔ نیز ہر برانچ میں تکافل سے متعلق باقاعدہ تربیتی پروگرام بھی منعقد کیے جارہے ہیں۔

مزید براں ہم نے ایکسٹرنل شریعہ آڈٹ رپورٹ برائے سال 2009ء پر بھی نظر ثانی کی ہے، ایکسٹرنل شریعہ آڈٹ ''ارنسٹ اینڈ ینگ فورڈ روڈز سیدات حیدر چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ'' سے کروایا گیا تھا۔

ہماری معلومات کے مطابق:

ا......سال 2009ء میں کمپنی کی جانب سے کیے گئے تمام معاملات (سوائے اُن چند معاملات کے جو شرعی اعتبار سے درست نہ تھے اور ان کو باقاعدہ طور پر حل بھی کرلیا گیا) شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی جانب سے دی گئی گائیڈ لائنز اور تکافل رولز 2005ء کے مطابق تھے۔

28مارچ،2010ء

۲......ہم اس بات سے آگاہ ہیں کہ ڈاکیومنٹیشن کے اعتبار سے کچھ کمزوریاں پائی جاتی ہیں بشمول ان کیسز کے جن کو ایکسٹرنل شریعہ آڈیٹرز نے ظاہر کیا، لیکن بہر حال اس میں شریعہ ایڈوائزری بورڈ کی جانب سے دی گئی گائڈ لائنز کے خلاف کوئی غیر شرعی پہلو نہیں پایا گیا۔

۳......کمپنی کے تمام معاملات شرعی قواعد وضوابط کے مطابق تھے، اسی طرح ہم پی ٹی ایف کے لئے اختیار کی گئی اکاؤنٹنگ پالیسیز کیساتھ بھی اتفاق کرتے ہیں۔

**اللهم أرنا الحق حقا وارزقنا اتباعه وأرنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابه**

اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ وہ ہم سب کو اخلاص کیساتھ کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے، نیز حق بات کو حق دکھلائے اور اس کی اتباع کی توفیق عطا فرمائے اور باطل کو باطل دکھلائے اور اس سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

ممبر شریعہ ایڈوائزری بورڈ
**Dr. Mufti Zubair Usmani**
**Member of Shariah Advisory Board**
**Pak-Qatar General Takaful Ltd.**

ممبر شریعہ ایڈوائزری بورڈ
**...smatullah**
**...mb... of Shariah Advisory Boa...**
**... Takaful Group**